
حیسکو پریس ریلیز مورخہ 15.08.2026


چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل نواب شاہ کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں ریکوری، لائن لاسز، بجلی چوری کے خلاف اقدامات اور زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی گئی، میٹنگ میں خراب کارکردگی کے حامل افسران کو وارننگ جاری کی گئی۔ حیسکو ترجمان

زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز پر بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت سخت مانیٹرنگ اور ویجیلنس جاری ہے۔ جو بھی صارف یا حیسکو ملازم بجلی چوری میں ملوث پایا گیا، اس کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی، ایف آئی آر درج ہوگی اور ملوث ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ قانون کے نفاذ میں کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ڈی ایس یو اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جارہی ہیں۔ ہمارا مقصد بجلی چوری کا خاتمہ، سو فیصد ریکوری، صارفین کا اعتماد بحال کرنا اور انہیں بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بہتر کارکردگی دکھانے والے افسران اور ملازمین ہماری ٹیم کا سرمایہ ہیں، جبکہ دیگر افسران کو بھی اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری۔

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل نواب شاہ کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں ریکوری، لائن لاسز، بجلی چوری کے خلاف اقدامات اور زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز کی کارکردگی پر خصوصی توجہ دی گئی، میٹنگ میں خراب کارکردگی کے حامل افسران کو وارننگ جاری کی گئی، میٹنگ میں حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین کا اعتماد بحال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ان کے ساتھ خوش اخلاقی، عزت اور احترام سے پیش آیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے ذریعے صارفین کے مسائل سنے جارہے ہیں، ٹیلیفون کالز اٹینڈ کی جارہی ہیں اور صارفین کی عزتِ نفس کا مکمل خیال رکھتے ہوئے انہیں بجلی کی بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام افسران روزانہ صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے تک کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنائیں اور صارفین کے جائز مسائل فوری طور پر حل کریں۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے افسران اور تکنیکی عملے کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ جو افسر اور ملازمین محنت اور دیانتداری سے کام کریں گے وہی ادارے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پوری ٹیم کو یکجا ہوکر صرف اور صرف کام، کام اور کام کی پالیسی پر عمل کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود اور ان کی ٹیم فیلڈ میں اچانک دورے کرے گی، اور جہاں بھی بجلی چوری پکڑی گئی وہاں متعلقہ انچارج افسر اور لائن اسٹاف کے خلاف موقع پر کارروائی کی جائے گی، جس کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ حیسکو چیف نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز پر زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت مسلسل مانیٹرنگ اور ویجیلنس کی جارہی ہے۔ جو بھی صارف یا حیسکو ملازم بجلی چوری میں ملوث پایا گیا، اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایف آئی آر کا اندراج لازمی ہوگا جبکہ ملوث ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی کی جائے گی۔ چاہے کوئی صارف ہو یا ملازم، کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈی ایس یو اور پولیس کے تعاون سے بجلی چوروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مزید تیز کی جائیں کیونکہ بجلی چوری کا خاتمہ ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حیسکو گزشتہ مالی سال کے دوران 68 فیڈرز کو زیرو لوڈ شیڈنگ فہرست میں شامل کرچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ٹیم کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے صارفین کا اعتماد بحال کیا جارہا ہے اور ان شاءاللہ اسی جذبے اور محنت کے ذریعے حیسکو کو مزید ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے گا۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے کہا کہ اس وقت صارف دوست پالیسی کے تحت پوری حیسکو ریجن میں بجلی کی فراہمی جاری ہے، لہٰذا تمام افسران اور عملہ عوام اور صارفین کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں، انہیں بہتر سہولیات فراہم کریں اور بجلی کے بلوں کی سو فیصد وصولی کو یقینی بنائیں چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف کمرشل آفیسرز کی مختیار، ڈی جی/ایچ ار اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن، ڈی جی (ایم آئی ایس) نادر خشک، پی ڈی (کنسٹرکشن) انعام علی ابڑو، ڈپٹی ڈائریکٹر (ایف سی سی) امبر شاہ، ریجنل منیجر (ایم اینڈ ٹی) جاوید احمد صدیقی، ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل اختر لطیف صدیقی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی، ڈائریکٹر (اے ایم آئی) احمد خان سراز، ڈائریکٹر (ایس اینڈ آئی) منظور علی مگسی، لائزن آفیسر فراز اشرف، ڈپٹی ڈائریکٹر (پی آر) محمد صادق کبر، اسسٹنٹ منیجر ولی داد چانڈیو اور ان کے علاوہ تمام ایکسین، ڈی سی ایم، ڈی ڈی (ٹیز) و دیگر بھی موجود تھے۔









حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے حیسکو کانفرنس ہال میں آپریشن سرکل نواب شاہ کے افسران کے ساتھ ماہانہ کارکردگی معلوم کرنے کے لیے میٹنگ کی جس میں تمام سب ڈویژنز، ڈویژنز اور سرکلز کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے